


# لاہور قلندرز اور پشاور زلمی نے متبادل کھلاڑیوں کا انتخاب کر لیا

- ایونٹ کی آن لائن ٹکٹ کرکٹ ڈاٹ بک می ڈاٹ پی کے اور ایم اینڈ پی اسٹورز سے خریدی جاسکتی ہیں
- ایونٹ کا درست نام "ایچ بی ایل پی ایس ایل" ہے۔ تمام میڈیا ہاؤسز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے نیوز بلیٹنز، ہیڈلائنز اور تحریروں میں ایونٹ کا درست اور مکمل نام استعمال کریں

**کراچی، 19 جنوری 2022ء:**

لاہور قلندرز اور پشاور زلمی نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 7 کے لیے اپنے متبادل کھلاڑیوں کا انتخاب کر لیا ہے۔

لاہور قلندرز نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے ابتدائی تین میچز کے لیے بیٹر ہیری بروک کی جگہ باؤلر میتھیو پوٹس کو متبادل کھلاڑی کی حیثیت سے منتخب کر لیا ہے۔

پشاور زلمی نے فاسٹ باؤلر عامر خان کی جگہ لیفٹ آرم اسپنر آرش علی خان کو اسکواڈ میں شامل کر لیا ہے۔ عامر خان انجری کے باعث ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی ایونٹ ٹیکنکل کمیٹی نے ان دونوں کھلاڑیوں کی بطور متبادل کھلاڑی منظوری دے دی ہے۔ ڈائریکٹر انٹرنیشنل کرکٹ ذاکر خان کی سربراہی میں قائم کردہ اس کمیٹی میں ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس ندیم خان اور سمیر کھوسہ شامل ہیں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کا ساتواں ایڈیشن 27 جنوری سے 27 فروری تک کراچی اور لاہور میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4